# جس کی آنکھ سے خوفِ خدا کے باعث آنسو نکلے، اس کی مغفرت ہو جاتی ہے

**مجیب:** مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3603

**تاریخ اجراء:** 26 شعبان المعظم 1446ھ / 25 فروری 2025ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا ایسی روایت ہے کہ جس کی آنکھ سے خوف خدا کے باعث آنسو نکلے، اس کی مغفرت ہو جاتی ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی اس مفہوم کی روایات موجود ہیں کہ اللہ کریم کے خوف سے رونے والے کی اللہ تعالی بخشش فرمادے گا، بعض روایات میں ہے کہ اللہ تعالی اس پر جہنم کی آگ حرام فرمادے گا، بعض میں فرمایا کہ اللہ پاک کے خوف سے رونے والا انسان دوزخ میں داخل نہیں ہو گا یہاں تک کہ دودھ، تھن میں واپس چلا جائے۔

چنانچہ کنز العمال میں ہے: "من بكى من خشية الله غفر الله له. "الرافعي عن أنس". جو شخص اللہ تعالیٰ کے خوف سے روئے، اللہ پاک اس کی بخشش فرمادے گا۔"رافعی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا۔ (کنز العمال، ج 3، ص 148، رقم الحدیث 5912، الناشر: مؤسسة الرسالة)

سنن ترمذی میں ہے: "عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «لا يلج النار رجل بكى من خشية الله حتى يعود اللبن في الضرع" حضرت ابوہریرہ رضی اللہُ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: اللہ پاک کے خوف سے رونے والا شخص دوزخ میں داخل نہیں ہو گا یہاں تک کہ دودھ، تھن میں واپس چلا جائے۔ (سنن ترمذی، حدیث 1633 ج 04، ص 171، مصر)

سنن ابن ماجہ میں ہے: "عن عبد الله بن مسعود، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «ما من عبد مؤمن يخرج من عينيه دموع، وإن كان مثل رأس الذباب، من خشية الله، ثم تصيب شيئا من حر وجهه، إلا حرمه الله على النار" حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مسلمان کی آنکھ سے مکھی کے سر کے برابر خوفِ خدا کی وجہ سے آنسو بہہ

کر اس کے چہرے پر آگرے تو اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ پر حرام فرما دے گا۔(سنن ابن ماجہ، حدیث 4197، ج02، ص1404، دار احیاء الکتب العربیہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net